

18

4408CH18



# ایکتا

وہ پوُرب ہو یا پچھّم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے
ہر بیج خزانہ ہوتا ہے
ہر مٹّی سونا ہوتی ہے
ہر ساگر اَمِرت ساگر ہے
ہر سیپ کے دل میں موتی ہے
بِکھرے ہوئے تارے لاکھ سہی، پر ان کی چمک تو ایک سی ہے
وہ پوُرب ہو یا پچھّم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے



© NCERT not to be republished

سب ایک گگن کے متوالے
سب ایک زمیں کے پالے ہیں
سب ایک ہی سورج کی کرنیں
سب ایک ہی چاند کے ہالے ہیں
وہ اُتّر ہو یا دکھّن ہو، سَت رنگ دَھنک تو ایک سی ہے
وہ پوُرب ہو یا پچھّم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے
سُکھ ہو تو دِل کھِل جاتے ہیں
دُکھ ہو تو آنکھ بھر آتی ہے
دُکھ سُکھ کی دنیا ایک ہی ہے
تفریق دَھری رہ جاتی ہے
پَودے تو ہزاروں ہوتے ہیں، ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے
وہ پوُرب ہو یا پچھّم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

(شاذ تمکنت)



© NCERT not to be republished

# مشق



## لفظ اور معنی

| | | |
|---|---|---|
| ایکتا | : | اتّحاد، میل جول |
| ساگر | : | سمندر |
| اَمرِت | : | وہ پانی جس کو پی کر انسان اَمر ہو جاتا ہے |
| سیپ | : | ایک قسم کے دریائی کیڑے کا کھول جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں |
| گگن | : | آسمان |
| متوالے | : | مست، مدہوش |
| سَت رنگ | : | سات رنگ |
| دَھنک | : | قوسِ قُزح، سات رنگوں والی کمان جو بارش کے دنوں میں آسمان پر دِکھائی دیتی ہے |
| آنکھ بھر آنا | : | آنکھوں میں آنسو آجانا، روہانسا ہونا |
| تفریق | : | فرق، بھید بھاؤ |



## غور کیجیے:

- اردو ایک میٹھی زبان ہے۔ یہ اِس لیے میٹھی ہے کہ اِس کے الفاظ بولنے میں آسان اور سننے میں بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ اردو کئی زبانوں سے مل کر بنی ہے۔ اس میں عربی اور فارسی کے علاوہ ہندی کے بھی میٹھے میٹھے بول شامل ہیں۔ ہندی کے ایسے بہت سے لفظ جیسے پوُرب، پچّھم،

© NCERT not to be republished

سا گر، اَمرِت، لگن، اتّر، دکھّن، سُکھ، دُکھ وغیرہ۔ آپ نظم ''ایکتا'' میں پڑھ چکے ہیں، ان لفظوں میں جو مٹھاس ہے وہی اس نظم کے معنی میں بھی موجود ہے۔

- اِس نظم میں شاعر نے ایکتا کا سبق دیا ہے اور پُورب پچھّم کی مثال دے کر یہ سمجھایا ہے کہ یہ دونوں الگ الگ ہیں مگر ان کے پھولوں کی خوشبوؤں میں کوئی فرق نہیں یعنی سارے پھول خوشبودار ہوتے ہیں۔ پُورب، پچھّم کی مثال اس لیے دی گئی ہے کہ یہ دونوں دنیا کے دو کونے ہیں اس لیے بہت دور ہیں مگر دوُر ہونے کے باوجود ان کی خوشبو میں کوئی فرق نہیں۔ اسی طرح ساری دنیا کے ہر انسان چاہے وہ کسی بھی جگہ رہتے ہوں ایکتا کے بندھن ہوتے ہیں۔



## سوچیے، بتایئے اور لکھیے:

1۔ ہر بیج کو خزانہ کیوں کہا گیا ہے؟

2۔ ''سب ایک زمین کے پالے ہیں'' سے کیا مُراد ہے؟

3۔ شاعر نے کیوں کہا ہے کہ 'تفریق دھری رہ جاتی ہے'؟

4۔ چاروں سمتوں کے نام کیا ہیں؟



## اِن مصرعوں کو صحیح لفظ سے پورا کیجیے:

1۔ ہر سیپ کے دل میں ............... ہے

2۔ سب ایک ہی چاند کے............... ہیں

3۔ ہر مٹّی ........................... ہوتی ہے

4۔ سب ایک ہی ............... کی کرنیں

© NCERT not to be republished



اِن لفظوں سے جملے بنائیے:

خزانہ  مٹّی  چاند  دُکھ  سُکھ  تفریق  موتی



صحیح لفظ کے آگے (✓) اور غلط کے آگے (×) کا نشان بنائیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| • محک | | • کھزانہ | | • سونا | |
| • شاگر | | • موتی | | • جمین | |
| • تفریک | | • آنکھ | | • ہجاروں | |
| • سورج | | • فول | | • دکھّن | |



اِن تصویروں کو پہچان کر دو دو جملے لکھیے:



..........................................................................

..........................................................................



..........................................................................

..........................................................................



..........................................................................

..........................................................................

© NCERT not to be republished




بریکٹ سے دو مناسب حروف چنیے اور اُنھیں خالی جگہوں میں بھر کر لفظ مکمّل کیجیے:

- ............ ............ ک (ل پ ب)
- ............ ............ ک (ٹ چ ن)
- ............ ............ ک (دھ ڈھ ن)
- ............ ............ ک (ل ج چ)



نیچے دیے گئے نقشے کو ذہن میں رکھیے:




© NCERT not to be republished